حضرت امیر معاویہ اور حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہما کا آپس کا رشتہ

مجیب: ابو الحسن ذاکر حسین عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1700

تاریخ اجراء: 12 ذوالقعدۃ الحرام 1444 ھ/01 جون 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ، حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے حقیقی بھائی ہیں یا اخیافی بھائی؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ، حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے علاتی (باپ شریک) بھائی ہیں، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

صحابی رسول حضرت سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے والد گرامی حضرت ابو سفیان رضی اللہ عنہ اور والدہ ماجدہ حضرت ہندہ رضی اللہ عنھا ہیں۔ جبکہ ام المؤمنین حضرت سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنھا کے والد ماجد حضرت ابو سفیان رضی اللہ عنہ اور والدہ صفیہ بنت ابو العاص ہیں۔ لہذا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور ام المؤمنین حضرت سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنھا، آپس میں علاتی (باپ شریک) بہن، بھائی ہیں، کہ ان کے والد ایک اور والدہ الگ الگ ہیں۔

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی والدہ ہند بنت عتبہ ہیں۔ چنانچہ الاصابہ میں ہے: "هند بنت عتبة، والدة معاوية بن أبي سفيان" ترجمہ: ہند بنت عتبہ، معاویہ بن ابی سفیان کی والدہ ہیں۔ ملخصاً (الاصابہ فی تمییز الصحابہ، ج 08، ص 346، مطبوعہ: بیروت)

حضرت ام حبیبہ بنت ابی سفیان کی والدہ صفیہ بنت ابو العاص ہیں۔ چنانچہ الاصابۃ میں ہے: "رملة بنت أبي سفيان زوج النبي صلّى اللہ عليه وسلّم، تكنى أم حبيبة، وهي بها أشهر من اسمها، أمها صفية بنت أبي العاص بن أمية" رملۃ بنت ابی سفیان، رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی زوجہ، ان کی کنیت ام حبیبہ ہے، اور یہ

اپنے نام سے زیادہ کنیت کے ساتھ مشہور ہیں، ان کی والدہ صفیہ بنت ابو العاص بن امیہ ہیں۔ **ملخصاً** (الاصابہ فی تمییز الصحابہ، ج08، ص140، مطبوعہ: بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ **وَرَسُوْلُہ اَعْلَم** صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net